Glasgow museums

# دن بھر کے لیے
# گھر سے دور

## گلاسگو میوزیمس کے ہمراہ



## خاندان کے ہمراہ مفت تفریح

ایک خاندان کی حیثیت سے ساتھ مل کر کوئی نئی چیز آزمائیں - آپ کے آغاز کرنے کے لیے یہاں بعض تجاویز پیش کی جارہی ہیں!

سرگرمیاں مکمل کریں اور جاتے ہوئے اسٹیکرز حاصل کریں۔

یہ کتابچہ ملکیت ہے:

..............................................................................

Glasgow City Council

glasgowmuseums.com

گلاسگو میوزیمس آپ کے ہیں۔ آپ اور آپ کے خاندان کا یہاں خیرمقدم ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ تمام خاندانوں کی الگ الگ دلچسپیاں اور ضروریات ہیں اور ہمارا مقصد یہ ہے کہ آپ جو چاہتے ہیں وہ آپ کے تفریحی دورے سے حاصل ہو۔

اس کتابچہ میں ہمارے نو عجائب گھروں میں سے ہر ایک کے لیے ایک صفحہ ہے۔ آپ کو سرگرمیاں، خاندان کے لیے موزوں قابل جستجو تماشوں سے متعلق مشورے اور آس پاس کرنے اور دیکھنے کی اور کون سی چیزیں ہیں، اس کے بارے میں تجاویز ملیں گی۔



## اہم مختصر اشارات

یہاں بعض اہم مختصر اشارات ہیں جو میوزیم گھوم چکے خاندانوں کے تجربات سے متعلق ہیں:

1. گلاسگو میوزیمس میں کوئی پیسہ نہیں دینا پڑتا
2. اپنے سفر کا منصوبہ بنائیں
3. پکنک کا سامان باندھیں
4. چھوٹے بچوں کے تھک جانے کے وقت کے لیے بچہ گاڑی لائیں
5. اپنے تفریحی سفر کو یاد رکھنے کے لیے تصویریں کھینچیں
6. سیر کے دوران خیالات درج کرنے اور ڈرائنگز بنانے کے لیے مختصر نوٹ بک اور پنسل ساتھ لائیں
7. گیلری کے معاونین سے مدد طلب کریں
8. یہ دریافت کریں کہ کیا قریب میں کوئی دوسرا عجائب گھر یا پارک ہے جس کی سیر اسی دن کی جاسکتی ہو

ہمارے تمام عجائب گھروں میں پکنک کی داخلی جگہیں نہیں ہیں۔ براہ کرم معلومات کے لیے ہمارے ویب سائٹ دیکھیں۔

آپ اپنے خیالات، کہانیوں اور تصویروں میں ہمیں فیس بک اور ٹوئٹر پر شریک کرسکتے ہیں۔

# گیلری آف ماڈرن آرٹ
# [Gallery of Modern Art (GoMA)]

## موقع نہ کھوئیں

فویر میں آئینہ دار دیواریں اور اس کے باہر ڈیوک آف ولنگٹن کا مجسمہ۔



## آپ کا ذوق کیا ہے؟

اوپر گیلری 2 میں جائیں۔

- تمام رنگارنگ مجسموں، تصویروں اور فوٹوگرافس پر ایک نظر ڈالیں۔
- اپنے افراد خاندان کو آرٹ کے دلچسپ ترین نمونوں کے بارے میں بتائیں۔
- سائز، شکل، نمونے اور جو کچھ آپ دیکھیں، اس کے بارے میں بات کریں۔

## تخلیقی ذہن بنائیں

گیلری 2 میں کریئیٹ اسپیس کو دیکھیں۔

- رنگ، شکل اور آواز کا پتہ لگائیں۔
- خود اپنے خاندان کا فن پارہ بنانے کے لیے فراہم کردہ اشیاء استعمال کریں۔
- اپنے آرٹ کے کام کو کوئی عنوان دیں۔

### کیا آپ کو کرنے کے قابل مزید چیزوں کی تلاش ہے؟

GoMA لائبریری کی سیر کریں۔ جارج اسکوائر (George Square) پر وقفے کے لیے رکیں، یا اوپر سے شہر کے نظارے کے لیے لائٹ ہاؤس (The Lighthouse) چل کر جائیں۔

## عمارت پر آرٹ

چھت کے قریب بڑا تصویر کا مجموعہ دیکھیں۔

- وہ کس شکل کا ہے؟
- وہ کس چیز کا بنا ہے؟
- کیا آپ چڑیا یا مچھلی کی طرح حرکت کر سکتے ہیں، گھنٹی کی طرح جھول سکتے ہیں اور درخت کی طرح ساکت کھڑے رہ سکتے ہیں؟

شعبۂ استقبال سے اپنا اسٹیکر حاصل کریں

# گلاسگو میوزیمس ریسورس سنٹر (Glasgow Museums Resource Centre)

شعبۂ استقبال سے اپنا اسٹیکر حاصل کریں

## اسٹور ہنٹرز

سرگرمیوں میں حصہ لیں اور عجائب گھر کے خزانوں سے بھرے ہوئے ہمارے کسی بڑے اسٹور کا پتہ لگائیں۔

- ہر سنیچر کو، 1.30 سے 4 بجے شام تک مفت، پھیرا لگائیں۔
- آپ اور آپ کے افراد خاندان کو کون سی چیز سب سے اچھی لگی اور کیوں؟

## اسٹور کھودیں

آثاریاتی کھدائی کی حوصلہ افزائی کریں۔

- ماہر آثاریات بنیں، اور ریت میں چھپی چیزیں تلاش کرنے کے لیے خصوصی اوزار کا استعمال کریں۔

## کھلونے محفوظ رکھنے کا صندوق

کھلونے محفوظ رکھنے کے صندوق کے بارے میں دریافت کریں۔

- برسوں پرانے مختلف کھلونوں کو چھوئیں۔
- وہ آپ کے کھلونوں سے کتنے ملتے جلتے ہیں؟
- کیا آج آپ ان سے کھیلیں گے؟



کیا آپ کو کرنے کے قابل مزید چیزوں کی تلاش ہے؟

کچھ اور چیزوں کا پتہ لگانے اور خارجی تفریح کے لیے قریب میں واقع ڈیمز ٹو ڈارنلے کنٹری پارک (Dams to Darnley Country Park) کی سیر کریں۔

## موقع نہ کھوئیں

ہماری باغیچی پودوں اور حشرات سے بھری ہوئی ہے۔ دیکھیں کہ آپ کو کھلی فضا میں فطرت کے نشانات میں کیا ملتا ہے۔

# کیلون ہال
# (Kelvin Hall)

شعبۂ استقبال سے اپنا اسٹیکر حاصل کریں

## طلسمی آئینہ

ایوینیو کی کھڑکیوں سے اسپورٹس ہال میں جھانکیے۔

- آپ کے خیالات میں وہاں کون سے کھیل کھیلے جارہے ہیں؟
- طلسمی آئینے کا پتہ لگائیں اور کھیل کود کی مشق کریں - دیکھیں کہ آپ کتنے مختلف نظر آتے ہیں۔

## کلغی کی تلاش

کلکشنز شو کیس پر جائیں اور گلاسگو کا خاندانی نشان امتیاز کوٹ آف آرمرز تلاش کریں۔

- مچھلی، درخت، گھنٹی اور چڑیا گلاسگو کے سرپرست سینٹ منگو (St Mungo) کے بارے میں کوئی کہانی سناتے ہیں۔
- اپنے خاندان کی کہانی سنانے کے لیے آپ کون سی کہانی استعمال کریں گے؟

## اسکاٹ لینڈ کے مووِنگ امیج آرکائیوز کی قومی لائبریری

ایوینیو کے اوپر چلتے ہوئے جائیں۔ اگر دروازے کھلے ہیں اور آپ کو بڑا سا پردہ دکھائی دے تو، اندر جائیں۔

- اس بارے میں جاننے کے لیے کہ بچے کیسے کھیلا کرتے تھے، کوئی پرانی فلم دیکھنے کے لیے کمپیوٹر استعمال کریں۔



### موقع نہ کھوئیں

ہمارے استقبالیہ ڈیسک سے کوئی آئی-اسپائی (I-Spy) ٹریل شیٹ اٹھائیں۔ اشیاء کا پتہ لگانے کے لیے تصویر کے اشارے استعمال کریں۔

### کیا آپ کو کرنے کے قابل مزید چیزوں کی تلاش ہے؟


مفت لان باولز دور کے لیے کیلون وے (Kelvin Way) میں کیلون گروو لان باولز اینڈ ٹینس سنٹر (Kelvingrove Lawn Bowls & Tennis Centre) کی سیر کریں۔

# کیلون گروو آرٹ گیلری اینڈ میوزیم (Kelvingrove Art Gallery and Museum)

## موقع نہ کھوئیں

نمائشی اشیاء اور پردوں والا کمرہ آبجکٹ سنیما (Object Cinema) - میں مخلوقات کا مطالعہ کریں اور بارانی جنگل میں زندگی کے بارے میں فلم دیکھیں

شعبۂ استقبال سے اپنا اسٹیکر حاصل کریں



## کیا آپ کو کرنے کے قابل مزید چیزوں کی تلاش ہے؟

کیلون گروو پارک (Kelvingrove Park) میں مقامی جنگلی حیات کی نشاندہی کریں، کھیلیں، اسکیٹ کریں اور سائیکل چلائیں۔ کیلون ہال میں سڑک کے اس پار اور اشیاء بھی نمائش پر رکھی گئی ہیں۔

## چہرے کو محسوس کرنا

ایسٹ کورٹ (East Court) میں جاکر متحرک سروں کو دیکھیں۔

- کسی سر کو منتخب کرکے اس کے چہرے کے تاثر کی نقل کریں۔
- کیا آپ کے افراد خاندان اندازہ لگا سکتے ہیں کہ آپ کیسا محسوس کررہے ہیں؟
- اگر یہ سر بول سکتا تو وہ کیا کہتا؟

## حیوانی زندگی کا مشاہدہ

ویسٹ کورٹ (West Court) جائیں۔

- کن جانوروں کو آسانی سے دیکھا جاسکتا ہے؟
- بعض جانوروں کو دیکھنے میں مشکل کیوں ہو سکتی ہے؟
- کیا آپ کے خاندان میں کوئی شخص حقیقی زندگی میں ان میں سے کسی جانور کے قریب آیا ہے؟

## سینٹ کلڈا (St Kilda) کا جزیرہ

پہلی منزل پر ثقافتی بقا کی گیلری میں جائیں۔ ڈاک کشتی تلاش کریں۔

- اگر آپ کسی چھوٹے سے جزیرے میں پھنس جائیں تو آپ کون سی چیز طلب کریں گے؟
- آپ خشکی پر رہنے والوں کو کیسے پیغام بھیجیں گے؟

# عوام کا محل
# (People's Palace)

## موقع نہ کھوئیں

پہلی منزل پر ہاتھ سے دھلائی کرنے والی جگہ اسٹیمی (Steamie) میں گھر کے افراد کے کپڑوں کی دھلائی۔

## بٹرکپ ڈیری
## (Buttercup Dairy)

بٹرکپ ڈیری کا پتہ لگائیں۔

- دکان کے معاون جیسا لباس پہنیں اور مکھن تولیں۔
- آپ کسی ڈیری میں کیا خریدیں گے؟
- آپ بٹرکپ ڈیری میں کیا خرید سکتے ہیں جو کہ کہیں اور نہیں خرید سکتے؟

## بیرو لینڈس
## (Barrowlands)

پہلی منزل پر بیرولینڈس نمائش کی سیر کریں۔

- رقص گاہ کے پہلی بار کھلنے پر لوگوں نے کس طرز کا رقص کیا؟
- خواتین اور مرد نے کیا پہنا ہوگا؟
- رقص کے کسی جنبش پا (steps) کا پتہ لگائیں اور لطف لیں۔

## محض ایک کمرے پر مشتمل رہائش ''سنگل اینڈ''
## (Single End)

سب سے اوپری منزل پر جائیں۔ سنگل اینڈ تلاش کریں۔

- پانچ افراد کا خاندان اس کمرے میں رہتا ہوگا۔
- ہر شخص کہاں سوتا ہوگا؟
- رات کو وہ بیت الخلاء کے لیے کہاں جاتے ہوں گے؟
- وہ کیسے کھانا پکاتے ہوں گے؟

شعبۂ استقبال سے اپنا اسٹیکر حاصل کریں




### کیا آپ کو کرنے کے قابل مزید چیزوں کی تلاش ہے؟

گلاسگو گرین (Glasgow Green) میں ڈولٹن فاؤنٹین (Doulton Fountain)، دھلائی کے پولس (washing poles) اور مرصع پرانی ٹمپلٹن قالین فیکٹری (fancy old Templeton carpet factory) کا پتہ لگائیں۔ پارک میں بنی پھسلنوں کا لطف اٹھائیں۔

# پرووونڈس لارڈشپ
# (Provand's Lordship)

## جانوروں کی آنکھ مچولی

اس پرانے مکان کے پتھر، لکڑی اور شیشے میں بہت سے جانور چھپے ہوئے ہیں۔

- کون سب سے زیادہ جانوروں کا پتہ لگا سکتا ہے؟
- گھوڑوں، شیروں، کتوں، بکریوں، چڑیوں اور مچھلیوں کو غور سے دیکھیں۔

## چہرے بنانا

باغیچے میں جاکر ٹانٹین ہیڈس (Tontine Heads) دیکھیں۔

- آپ کتنوں کی گنتی کرسکتے ہیں؟
- ٹانٹین چہرے کا بہترین تاثر کون پیدا کرسکتا ہے؟

### موقع نہ کھوئیں

پرووونڈس لارڈشپ کے پیچھے سینٹ نکولس گارڈن (St Nicholas Garden)۔

### کیا آپ کو کرنے کے قابل مزید چیزوں کی تلاش ہے؟

کیوں نہ گلاسگو کیتھڈرل کی سیر کریں اور خوبصورت داغدار شیشہ اور چوب کاری دیکھیں۔

شعبۂ استقبال سے اپنا اسٹیکر حاصل کریں



# دریا کے کنارے عجائب گھر
# (Riverside Museum)

شعبۂ استقبال سے اپنا اسٹیکر حاصل کریں

کیا آپ کو کرنے کے قابل مزید چیزوں کی تلاش ہے؟

کیلون ندی کے کنارے جنگلی حیات کی تصویروں کا سلسلہ دیکھیں، ہمارا مختصر اسکیٹ پارک استعمال کریں یا ہمارے پڑوس میں تین مستول والی پرانی کشتی "ٹال شپ" (Tall Ship) کا نظارہ کریں۔

## خاندان کی تصویر

فوٹوگرافی اسٹوڈیو کی سیر کریں۔

- لباس پہن کر تصویر کھنچوائیں - مجسمے کی طرح ساکت ہو جائیں۔
- آپ ابھی فوٹو کیسے کھینچتے ہیں؟
- جب آپ کے خاندان کے بالغ افراد بچے تھے تو تصویر کیسے کھینچتے تھے؟

## موقع نہ کھوئیں

ہماری پرانی سڑکیں دیکھنے کا جن میں آپ کو دوکانیں اور سواری ملیں گی۔

## مورس منی مرر
## (Morris Mini Minor)

سلور ڈریس کے بغل میں سرخ منی کار دیکھیں۔ خاندانی تعطیل کا تصور کریں۔

- آپ ہر شخص کو حفاظت کے ساتھ کار میں کیسے سوار کریں گے؟
- آپ کون سا سامان باندھیں گے؟
- آپ کہاں جائیں گے؟
- آپ پکنک کے لیے کہاں رکیں گے؟



## اسٹیمر پر دریائے کلائڈ کی سیر پر جائیں
## (Doon the Watter)

جہاز والی شپ کنویئر بیلٹ کے ذریعے اوپر جائیں۔

- کیا آپ میڈ اف آرجل (Maid of Argyll) کی شناخت کرسکتے ہیں؟ بورڈ پر بچے، کتے اور ایک چھلا ہے۔
- جہازوں کے درمیان فرق کی نشاندہی کریں۔
- ریور کلائڈ پر کھڑکی سے باہر دیکھیں۔

# سینٹ منگو میوزیم آف ریلیجیئس لائف اینڈ آرٹ
# (St Mungo Museum of Religious Life & Art)

شعبۂ استقبال سے اپنا اسٹیکر حاصل کریں

## شِو کے مانند رقص کریں

آرٹ گیلری میں جائیں اور شِو کو رقص کے دیوتا نٹراج کے روپ میں دیکھیں۔

- کیا آپ شِو کی طرح رقص کرسکتے ہیں؟
- شِو نے اپنے ہاتھ میں کیا پکڑ رکھا ہے؟
- شِو کے فوٹو کے لیے پوز دیں۔

## کھڑکی کے راستے سے

تیسری منزل پر بڑی کھڑکی دیکھیں۔

- آپ کیا دیکھ سکتے ہیں؟
- بیلچے سے اکٹھا کیے گئے پتھروں سے بنے ہمارے مخصوص قسم کے جاپانی باغیچے کو دیکھیں۔
- کیا بجلی کے کھمبوں پر کوئی خاص چیز ہے؟

## ناچتے ہوئے ڈھانچ

لائف گیلری میں جائیں اور ناچتا ہوا ڈھانچا دیکھیں۔

- آپ ڈھانچے پر کتنے کیڑے مکوڑے دیکھ سکتے ہیں؟
- آپ کتنے مختلف رنگ گن سکتے ہیں؟

## موقع نہ کھوئیں

اسکاٹش گیلری میں براہ راست مذہب سے متعلق تعاملات



کیا آپ کو کرنے کے قابل مزید چیزوں کی تلاش ہے؟

کیوں نہ نیکروپولس (Necropolis) میں سیر کریں۔ اس میں جنگلی حیات کی بھرمار ہے؛ آپ کو ہرن بھی دیکھنے کو مل سکتا ہے۔

# اسکاٹ لینڈ اسٹریٹ اسکول میوزیم
# (Scotland Street School Museum)

## موقع نہ کھوئیں

طباخی کا کمرہ جہاں آپ اپنے تخیل سے کام لے کر بلیک بورڈ پر لکھے نسخے پر عمل کرسکتے ہیں۔



## بروقت واپس آئیں

امانت خانہ کا پتہ لگائیں۔

- پرانے فیشن کی اسکول یونیفارم آزمائیں۔

پرانے کلاس رومز کا پتہ لگائیں۔

- ڈیسک پر بیٹھیں۔
- آپ کی آج کے کلاس روم کی کون سی بات مختلف ہے؟
- یہ اندازہ لگانے کے لیے اشارے تلاش کریں کہ صدیوں پہلے بچے کس چیز کے بارے میں پڑھتے تھے۔

## کھیل کھیلیں

جسمانی ورزش کے ہال میں

- افراد خاندان کے ساتھ ہولا رقص کا مقابلہ کریں۔
- مزید میدانی کھیلوں کا لطف لیں، مثلا اسکپنگ اور ہاپ اسکاچ۔
- کیا آپ کے خاندان کا کوئی فرد گانے یا تالی بجانے کے کھیل میں شریک ہوسکتا ہے؟

## گوشۂ مطالعہ


1950/1960 کے کلاس روم میں سکون سے بیٹھیں۔

- پرانی کتابوں کو کھولیں۔
- کہانیاں پڑھنے میں شریک ہوں۔

شعبۂ استقبال سے اپنا اسٹیکر حاصل کریں



# ہمارے مقامات




| | |
|---|---|
| A | گیلری آف ماڈرن آرٹ [Gallery of Modern Art (GoMA)]<br>Royal Exchange Square G1 3AH |
| B | گلاسگو میوزیمس ریسورس سنٹر (Glasgow Museums Resource Centre)<br>200 Woodhead Road G53 7NN |
| C | کیلون ہال (Kelvin Hall)<br>1431–1451 Argyle Street G3 8AW |
| D | کیلون گروو آرٹ گیلری اینڈ میوزیم (Kelvingrove Art Gallery and Museum)<br>Argyle Street G3 8AG |
| E | پیپلس پیلس (People's Palace)<br>Glasgow Green G40 1AT |
| F | پرووَنڈس لارڈشپ (Provand's Lordship)<br>3 Castle Street G4 0RB |
| G | ریورسائڈ میوزیم (Riverside Museum)<br>100 Pointhouse Place G3 8RS |
| H | سینٹ منگو میوزیم آف ریلیجیئس لائف اینڈ آرٹ<br>(St Mungo Museum of Religious Life & Art)<br>2 Castle Street G4 0RH |
| I | اسکاٹ لینڈ اسٹریٹ اسکول میوزیم (Scotland Street School Museum)<br>225 Scotland Street G5 8QB |

## کھلنے کے اوقات

تمام عجائب گھر صبح 10 بجے سے شام 5 بجے تک کھلتے ہیں، علاوہ جمعہ اور اتوار کے جب عجائب گھر صبح 11 بجے سے شام 5 بجے تک کھلتے ہیں۔ مندرجہ ذیل عجائب گھر پیر کو بند رہتے ہیں: پیپلس پیلس (People's Palace)، پرووَنڈز لارڈشپ (Provand's Lordship)، سینٹ منگو میوزیم آف ریلیجیئس لائف اینڈ آرٹ ( St Mungo Museum of Religious Life and Art)، اور اسکاٹ لینڈ اسٹریٹ اسکول میوزیم (Scotland Street School Museum)۔

## سہولیات

عوامی ذرائع آمدورفت، پارکنگ، کیفے، اور پہیہ کرسی کی فراہمی سے متعلق معلومات کے لیے براہ کرم ہماری ویب سائٹ دیکھیں
www.glasgowmuseums.com

گلاسگو میوزیمس (Glasgow Museums) کلچر اینڈ اسپورٹس گلاسگو (Culture & Sport Glasgow) کا عملی نام ہے۔ کلچر اینڈ اسپورٹس گلاسگو اسکاٹش چیرٹی نمبر SC037844 کی حیثیت سے اندراج شدہ ہے۔